INTERLOOP

# 30ویں سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کا ضمیمہ

30واں سالانہ اجلاس عام، جو منگل 18 اکتوبر، 2022 کو دوپہر 11:30 بجے انٹرلوپ ایگزیکٹو کلب، انٹرلوپ انڈسٹریل پارک واقع KM-7 کھڑیانوالہ - جڑانوالہ روڈ، کھڑیانوالہ، فیصل آباد میں منعقد ہوگا۔

انٹرلوپ لمیٹڈ (ILP یا کمپنی) کے 30ویں سالانہ اجلاس عام (AGM) کے نوٹس میں جو پہلے ہی شیئر ہولڈرز کو ارسال کیا جا چکا ہے اور 27 ستمبر، 2022 کو اخبارات میں شائع ہو چکا ہے، یہ ضمیمہ 30ویں سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈا آئٹمز میں مندرجہ ذیل امور کو خصوصی کارروائی کے طور پر نمٹانے کے لیے شامل کیا جا رہا ہے۔

**خصوصی کارروائی:**

7. انٹرلوپ لمیٹڈ ایمپلائز سٹاک آپشن سکیم 2016 (ESOS یا سکیم) کا دائرہ کار کمپنی کے تمام ملازمین تک وسیع کرنے کے لیے اس میں کسی ردوبدل کے ساتھ یا بغیر ترمیم کی خاطر مندرجہ ذیل قرارداد پر غور اور اگر مناسب سمجھا جائے تو کسی ردوبدل کے ساتھ یا بغیر اس کو خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا:

**طے پایا کہ منظور شدہ ESOS کی شق 1.1.14 میں تمام مطلوبہ منظوریوں، اگر کوئی ہوں، سے مشروط حروف تہجی کی مناسب ترتیب سے مندرجہ ذیل نئی تشریح (تشریحات)** شامل کرتے ہوئے ترمیم کی جائے اور بذریعہ ہذا ترمیم کی جاتی ہے:

1.1.14 'اہل ملازم' کا مطلب ہے:

a) کوئی ایسا باقاعدہ ملازم جو ایگزیکٹو ایمپلائی کی حیثیت سے کمپنی کے پے رول پر ہے اور گزشتہ مالی سال 30 جون تک پاکستان میں یا پاکستان سے باہر کمپنی کے ساتھ کم سے کم تین سال کی ملازمت مکمل کر چکا ہے (اور جو بورڈ کی منظوری سے اس سکیم میں شامل ہے)؛

b) کوئی باقاعدہ ملازم بشمول نان ایگزیکٹو ایمپلائی جو گزشتہ مالی سال 30 جون تک پاکستان میں یا پاکستان سے باہر کمپنی میں کم سے کم تین سال کی باقاعدہ ملازمت مکمل کر چکا ہو اور جسے بورڈ کی طرف سے اس سکیم کے لیے منتخب کیا گیا ہو؛

c) کوئی ایگزیکٹو ڈائریکٹر جو کمپنی کے پے رول پر ہے؛ یا

d) چیف ایگزیکٹو آفیسر جو کمپنی کے پے رول پر ہے؛

**مزید طے پایا کہ مذکورہ بالا تبدیلی (تبدیلیوں) کے ساتھ ترمیم شدہ انٹرلوپ لمیٹڈ سٹاک آپشن سکیم، 2016 اجلاس میں پیش کی جائے اور بذریعہ ہذا اسے منظور کیا جاتا ہے۔**

**مزید طے پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے پاس بورڈ سے مزید کسی رضامندی کے حصول کی ضرورت یا کمپنی کے ممبرز کی منظوری کے بغیر ایسے تمام افعال، کام اور امور انجام دینے کے لیے اختیارات ہوں اور بذریعہ ہذا اسے یہ اختیار دیا جاتا ہے، جو ان قراردادوں کو موثر بنانے اور ایسے تمام سوالوں، مشکلات اور شبہات کو طے کرنے کے لیے درکار ہیں، جو اس ضمن میں کسی بھی مرحلے پر پیدا ہو سکتے ہیں، اور یہ باور کیا جائے گا کہ وہ ان قراردادوں کی اتھارٹی سے اس بارے میں اپنی منظوری دے چکے ہیں۔**

**دیگر امور:**

8. صاحبِ صدر کی اجازت سے کوئی دوسرا معاملہ نمٹانا۔

**بحکم بورڈ**

**(رانا علی رضا)**

**کمپنی سیکریٹری**

**بمقام: فیصل آباد**

**مورخہ: 06 اکتوبر، 2022**

## کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3) 134 کے تحت خصوصی کارروائی کے بارے میں مادی حقائق کا اسٹیٹمنٹ

مندرجہ ذیل اسٹیٹمنٹ منگل 18 اکتوبر، 2022 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے 30ویں سالانہ اجلاس عام میں خصوصی امور کی حیثیت سے نمٹائے جانے سے متعلق مادی حقائق کی صراحت کرتا ہے۔

**نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 7**

انٹرلوپ نے پبلک کمپنیز (ایمپلائز سٹاک آپشن سکیم) رولز 2001 پر عمل کرتے ہوئے اپنے اہل ایگزیکٹو ملازمین کو کمپنی کے شیئرز کی پیشکش کرنے کے لیے "انٹرلوپ لمیٹڈ ایمپلائز سٹاک آپشن سکیم 2016" (ESOS یا سکیم) متعارف کروائی تھی، جس کے تحت انھیں سٹیک ہولڈرز سے شیئر ہولڈرز میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ یہ سکیم لچک دار، رضا کارانہ اور ملازمین کی طویل المدت افزائش اور خوشحالی پر مرکوز ہے۔ اس سکیم کا آغاز 2016 میں ہوا تھا اور پاکستان سٹاک ایکسچینج میں اندراج کے بعد قابل اطلاق قوانین اور ضابطوں کی مطابقت سے اسے بہتر بنایا گیا۔ ابتدا میں یہ سکیم صرف اہل ایگزیکٹو ملازمین کے لیے متعارف کروائی گئی تھی تاہم، نان ایگزیکٹو ملازمین سمیت کمپنی کے تمام ملازمین کا اعتماد بڑھانے کے لیے بورڈ کی طرف سے تجویز پیش کی گئی کہ اس سکیم کا دائرہ کار نان ایگزیکٹو ملازمین تک بھی پھیلا دیا جائے۔

ڈائریکٹرز کو کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے سوا اس بزنس سے دوسری کوئی دلچسپی نہیں ہے۔